
| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'د' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'د' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت / بناوٹ سے 'د' لکھ سکیں۔ حرف 'د' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو "حروف تہجی اردو کے" نظم سنائی جائے گی اور 'ا سے لے کر خ' تک کا درست تلفظ، صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'د' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف**<br>معلّمہ تختہ سیاہ / سفید پر ا، آ، د، ڈ، ذ، ر، ڑ، ز، ژ، و لکھے گی پھر بچوں کو کہے گی کہ میرے ساتھ یہ حروف پڑھیں۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ان حروف کو "شرارتی نو" کہتے ہیں۔ یہ اپنے سے بعد آنے والے حروف کے ساتھ نہیں ملتے اور اپنی شکل تبدیل نہیں کرتے، اس لیے ان کی آدھی شکل نہیں ہوتی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ 'د' حروف تہجی کا بارھواں حرف ہے۔ اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'د' کوئی ذخیرہ الفاظ دادا، دادی، دوائی، دلیہ، دیوار، دائرہ، دستانہ اور دفتر کے بارے میں جانیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف 'د' پر کوئی نقطہ نہیں ہوتا۔ تختہ سفید / سیاہ پر ایک لکیر کھینچی جائے گی۔ جس پر بچوں کو حرف 'د' لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا۔ اور باری باری بچوں کو بلا کر حرف 'د' لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 24 کھولنے کو کہا جائے گا کہ حرف 'د' پر انگلی پھیریں۔ حرف 'د' سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے۔ اور آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔ مثال کے طور پر د۔ دادا۔ د۔ دادی۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں 'د' سے درخت میں پتے لگائیں گے اور 'د' میں پینسل پھیریں۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 24<br>ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے حرف 'د' کی صوتی آواز اور درست تلفظ پوچھا جائے گا۔ | 5 منٹ | | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ڈ' | دن: | دوسرا |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ڈ' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت/بناوٹ سے 'ڈ' لکھ سکیں۔ حرف 'ڈ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:** بچوں کو ''حروف تہجی اُردو کے'' نظم سنائی جائے گی۔ بچوں کو 'ڈ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا درست تلفظ صوتی آواز اور نقطے پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ڈ' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:** بچوں کو 'ڈ' کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ/پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو دوائی کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ یہ دوائی ہے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ہم دوائی کب استعمال کرتے ہیں۔ ہمیں کون دوائی دیتا ہے؟ اور دوائی کھانے سے کیا ہوتا ہے؟ بچوں سے ہوا یا جلد پر انگلیوں کی مدد سے حرف 'ڈ' کی شکل بنوایئے اور بار بار دہرائی کروایئے۔ | 10 منٹ | گول فلیش کارڈ اشیاء کی تصاویر کے ساتھ | |
| | **مرکزی سرگرمی:** بچوں کو حرف 'ڈ' اور اس سے شروع ہونے والی تصاویر اور دوسری تصاویر ایک دائرے والے فلیش کارڈ کی صورت میں دی جائیں گی۔ اور اُن کو کہا جائے گا کہ Peg کو صرف حرف 'ڈ' سے شروع ہونے والی اشیاء پر لگادیں۔ بچوں کو حرف 'ڈ' کی ٹریسنگ کی ورک شیٹ دی جائے گی۔ جس کو بچے ٹریس کریں گے اور اُس میں رنگ بھریں گے۔ | 20 منٹ | Peg   | |
| | **اختتامیہ:** بچوں کو کہا جائے گا کہ ہوا میں حرف 'ڈ' لکھنے کی مشق کریں۔ | 5 منٹ | ورک شیٹ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ڈ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ڈ' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت / بناوٹ سے 'ڈ' لکھ سکیں۔ حرف 'ڈ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ڈ' فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر اس کا نام اور آواز دہرائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ڈ' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم دلیہ کے بارے میں بات کریں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ دلیہ مختلف قسم کا ہوتا ہے جیسے کہ جو کا دلیہ، گندم کا دلیہ۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ دلیہ زیادہ تر ناشتہ میں کھایا جاتا ہے اور یہ ہماری صحت کے لیے بہت اچھا ہوتا ہے۔ بچوں سے پوچھے کہ اُن میں سے کوئی ناشتے میں دلیہ کھاتا ہے بچوں سے کہیے کہ وہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں 'ڈ' بنائیں۔ اور یہ عمل تین سے چار بار دہرائیں۔ | 10 منٹ | مومی پینسل<br>پرانے اخبار | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>پانچ پانچ بچوں کے گروپ بنا دیجیے ہر گروپ کو ایک موٹی مومی پینسل اور پرانے اخبار دے دیں۔ اب اُن سے کہیے کہ مومی پینسل کی مدد سے اخباری کاغذ پر حرف 'ڈ' بنائیں۔<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں 'ڈ' سے دروازہ میں رنگ بھریں گے اور 'ڈ' پر پینسل پھیریں۔ | 20 منٹ | مومی پنسل اخبار<br>ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے دادا، دادی، دروازہ، دلیہ، درخت کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>ورک شیٹ میں حروف تہجی 'ا سے 'ڈ' تک 'ڈ' میں رنگ بھریں۔ | | ورک شیٹ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ذ' | دن: | چوتھا |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ذ' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت / بناوٹ سے 'ذ' لکھ سکیں۔ حرف 'ذ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ذ' کا درست تلفظ، صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ذ' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ذ' کے مزید الفاظ جانیں گے۔ بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے دیوار، دائرہ دستانہ اور دفتر دکھائے جائیں گے۔ بچوں سے ان کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کہیے کہ دائرے میں کھڑے ہو جائیں۔ بچوں کو بتائیں کے ایک دوسرے کے بال دیتے جائیں اور 'ذ' سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام بتاتے جائیں۔ بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 25 کھولنے کو کہا جائے گا۔ دی گئی تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ آپ کون سا حرف سیکھ رہے ہیں۔ بتائیے۔ بچوں کو کہا جائے گا کہ حرف 'ذ' کو اس سے شروع ہونے والے الفاظ سے ملائیے۔ اور نیچے دی گئی 'ذ' کی درست بناوٹ پر پینسل پھیرے اور لکھیے۔ | 20 منٹ | بال<br>کتاب صفحہ نمبر 25 | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سفید / سیاہ پر لکیر کھینچ کر 'ذ' کی شکل لکھوائیں۔ | 5 منٹ | | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ڈ' | دن: | پانچواں |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ڈ' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت / بناوٹ سے 'ڈ' لکھ سکیں۔ حرف 'ڈ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'ڈ' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 3 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ڈ' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ڈ' سے دادا، دادی کے بارے میں بات کریں گے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کون کون اپنے دادا، دادی کے ساتھ رہتا ہے؟ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آپ کے ابو کے جو امی ابو ہوتے ہیں وہ دادا دادی ہوتے ہیں۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کیا وہ اپنے دادا، دادی کے ساتھ وقت گزارتے ہیں؟ بچوں کو Sand Tray دے کر حرف 'ڈ' کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | Sand Tray | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی میں حرف 'ڈ' لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی۔ تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے۔ | 30 منٹ | کاپی ورک | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ڈ' کی صوتی آواز اور اُس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'ڈ' لکھیں۔ | 2 منٹ | | |